Roll No. ____________ امیدوار خود پُر کرے

SSC-(P-II)-A/2023
07-10-A/8250
(For All Sessions)

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|

Rwp-2-23

# اُردو لازمی (معروضی) (گروپ-GROUP-II)

وقت: 20 منٹ — نمبر: 15

نوٹ:- تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1- پروگرام دانش کدہ میں کتنے دانش ور بلائے جاتے تھے؟
(A) چار (B) دو (C) تین (D) سات

2- مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

3- سبق "پرستان کی شہزادی" کس مصنف کی تحریر ہے؟
(A) شاہد احمد دہلوی (B) ہاجرہ مسرور (C) اشرف صبوحی (D) سجاد حیدر یلدرم

4- حسن نظامی نے دلّی کے جو نوحے لکھے ہیں ان میں کون سی چیز نمایاں ہے؟
(A) عید کا ذکر (B) لطف و مسرّت (C) احساسِ شادمانی (D) عظمتِ رفتہ

5- آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟
(A) سات (B) پانچ (C) نو (D) تین

6- سبق "ملمّع" میں لڑکی کے سفر کا مقصد تھا:
(A) سیر سپاٹا (B) خالہ زاد بہن کی شادی میں شرکت (C) بیمار چچا کی عیادت (D) چھٹیاں گزارنا

7- مقبرہ رابعہ دورانی کہاں واقع ہے؟
(A) حیدر آباد میں (B) اورنگ آباد میں (C) دلّی میں (D) الٰہ آباد میں

8- اِک شمع بجھائی تو:
(A) ہم پچھتائے بہت (B) سو رہے (C) بے سکون ہو گئے (D) کئی اور جلا لیں

9- اس سڑک پر تانگے الٹ جانے سے گھوڑوں پر کیا گزرتی ہے؟
(A) بھاگ جاتے ہیں (B) مر جاتے ہیں (C) بے ہوش ہو جاتے ہیں (D) بیٹھ جاتے ہیں

10- نظم "کسان" کے شاعر کا نام ہے:
(A) میر انیس (B) جمیل الدین عالی (C) دلاور فگار (D) جوش ملیح آبادی

11- درست اعراب کی نشاندہی کریں:
(A) اِسلَام (B) اَسلَام (C) اَسلَام (D) اُسلَام

12- درست تلفظ کی نشاندہی کریں:
(A) جَلُوس (B) جِلُوس (C) جُلُوس (D) جَلُوس

13- قائداعظم گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) خطاب (B) عرف (C) تخلص (D) لقب

14- "شریف آدمی" گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) مرکب عطفی (B) مرکب توصیفی (C) مرکب عددی (D) مرکب اشاری

15- "دھلائی" گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) اسم معاوضہ (B) اسم صفت (C) اسم فاعل (D) اسم مفعول



ParhloPakistan.com

Roll No. ______ امیدوار خود پُر کرے

SSC-(P-II)-A/2023
08-010-A/8250
(For All Sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

(GROUP-II-گروپ)

وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ

نمبر 60

**2-** درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) **(10)**

## (حصہ نظم)

(i) نظامِ آسمانی ہے اسی کی حکمرانی ہے
بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) اُڑتی تھی خاک خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فُرات کا

(iii) جلوۂ قدرت کا شاہد، حُسنِ فطرت کا گواہ
ماہ کا دل، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

(iv) سمجھ لیا تھا جسے جانور سواری کا
وہ اونٹ بوجھ اٹھائے گا ذمہ داری کا

## (حصہ غزل)

(i) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا
رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(ii) یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں
دو چار قدم ہم بھی تیرے ساتھ چلے ہیں

(iii) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا
جہاں بادِ صرصر، صبا ہو گئی

**3-** مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی الگ تحریر کریں۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ **(10)**

(الف) سیدانی بی کا ایک وقت میں بڑا دور دورہ تھا۔ قلعے کی اچھی اچھی مغلانیاں ان کے سامنے کان پکڑتی تھیں۔ محلّات میں جہاں کوئی نیا جوڑا سِلا، کسی نئی وضع کی ٹکائی کا ذکر ہوا اور یہ بلائی گئیں۔ شہری بیگمات میں بھی ان کے ہنر کی دھاک تھی۔ سب انہیں آنکھوں پر بٹھاتے تھے۔

(ب) ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فٹ کا راستہ بن گیا نمازی دورویہ کھڑے ہو گئے ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مندوبین نہایت اطمینان سے باہر آ گئے یہ تنظیم کی بات ہے ترک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں۔

**4-** درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ **(10)**

(i) مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟
(ii) پرستان کے پھلوں کی سب سے خاص بات کیا تھی؟
(iii) گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس لڑکی نے کیا جواب دیا؟
(iv) مصنف کے خیال میں اچھا انسان کیسے بنا جا سکتا ہے؟
(v) ایک سینما کے سامنے بھیڑ دیکھ کر علی بخش نے کیا کہا؟
(vi) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟
(vii) "جلوۂ قدرت کا شاہد" سے کون مراد ہے؟
(viii) شاعر منزلِ مقصود پر پہنچنے کے لئے پُر امید ہے، کیوں؟

**5-** کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: **(05)**

(الف): مُلمّع۔ (ب): مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ۔

**6-** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک مضمون پر لکھیے: **(15)**

(الف): حُبِ وطن (ب): چاندنی رات (ج): تحریکِ پاکستان

**7-** درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ **(10)**

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی۔ اور راجا یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتہً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے۔ اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں۔ اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے۔ انھیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سینکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے۔ جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے،

**سوالات:**

(i) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ کس زمانے میں؟
(ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
(iii) وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے، کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟
(iv) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟
(v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟



ParhloPakistan.com